**SET-4**

**Series JBB/C**

کوڈ نمبر **Code No. 5B/C**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **16** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **21** questions.
- Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت: ۳ گھنٹے

کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 80*

## (حصہ الف)

**1۔** درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

''باشعور انسانی گروہ کو سماج کہتے ہیں۔ ہر انسان اپنے سماج کا ایک ذمہ دار فرد یا رکن ہوتا ہے۔ فرد کی اپنی ایک انفرادی زندگی بھی ہوتی ہے۔ اس کا ایک دائرہ ہوتا ہے اسی طرح سماج کی بھی ایک اجتماعی زندگی ہوتی ہے اس کا بھی ایک اجتماعی دائرہ ہوتا ہے۔ جس میں اس سماج کے سبھی انسان شامل رہتے ہیں، یہی سماج ایک خاص ملک کے رشتے سے ایک خاص قوم بن جاتا ہے۔ جیسے ہندوستان سے ہندوستانی قوم، امریکہ سے امریکی قوم وغیرہ۔ یہیں سے انسان کی زندگی میں انفرادی آزادی اور قومی آزادی کے تصورات پیدا ہوتے ہیں۔ چونکہ انسان بنیادی طور پر، ایک باخبر اور باشعور سماج کا ذمے دار رکن یا شہری ہوتا ہے۔ اس لیے تمام شہریوں کی آزادی مجموعی طور پر متعلقہ سماج یا قوم کی آزادی کہلاتی ہے۔ اس طرح فرد کی آزادی سماج یا قوم کی آزادی سے اور سماج یا قوم کی آزادی فرد کی آزادی سے مربوط زندگی کی صورت حال کا نام ہے۔ اور یہی ہماری آزادی ہے۔''

(i) ''باشعور'' کے کیا معنی ہیں؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) قومی آزادی کا کیا مطلب ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) فرد کی آزادی کس سے وابستہ ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) باشعور انسانوں کے گروپ کو کیا کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) تہذیب وتمدن

(b) شہریت

(c) آزادی

(d) سماج

(v) انفرادی آزادی کسے کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) ذاتی آزادی کو

(b) فرد کی آزادی کو

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

**2۔** درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

سیلاب ایسا آیا کہ گاؤں اجڑ گئے
بچوں سے مائیں، ماؤں سے بچے بچھڑ گئے

اہل زمیں نے سانحہ ایسا نہیں سہا
آبادیوں کا نام ونشاں تک نہیں رہا

پانی کی موج حشر کا ساماں بن گئی
فرش زمیں پر موت کی چادر سی تن گئی

آفت کچھ ایسی آئی کہ سدھ بدھ نہیں رہی
انساں کو آہ کرنے کی مہلت نہیں رہی

لاشیں شمار کرنے کی طاقت نہیں رہی
خلق خدا کو اس پہ بھی عبرت نہیں ہوئی

جنگ وجدل کا آج بھی انساں کو خبط ہے
ابلیس سے ہمارا کوئی ربط ضبط ہے

(i) پانی کی موج کیا بن گئی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(ii) موت کی چادر کہاں تن گئی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) کس کو آہ کرنے کی مہلت نہیں رہی؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) انسان کو وَج بھی کس چیز کی دیوانگی ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) لاشیں شمار کرنے کی

(b) طیش میں آنے کی

(c) جنگ وجدل کی

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(v) گاؤں کیوں اجڑ گئے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) سیلاب کے آنے سے

(b) آگ لگنے سے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

**3.** درج ذیل (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

تعلیم حاصل کرنے کے لیے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محبت کا جذبہ تھا، اس لیے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلیٰ تعلیم کے لیے انھیں انگلستان جانے کا موقع مل گیا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔ اس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا۔ امبیڈکر نے اپنے جیسے کمزور انسانوں پر ہونے والے ظلم اور ناانصافیوں کے خلاف آواز اٹھائی۔ گاؤں گاؤں اور شہر شہر جا کر لوگوں کو بیدار کیا۔ ان کے دل سے خوف دور کیا اور ان میں خود اعتمادی پیدا کی۔

(i) اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر کو کہاں جانے کا موقع ملا؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) انگلستان سے واپس آنے کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے کیا کرنا شروع کیا ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر نے کس کے خلاف آواز اٹھائی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) چھوت چھات کی لعنت نے کس کو نقصان پہنچایا؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) قوم کو

(b) ملک کو

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) تعلیم حاصل کرنے کے لیے امبیڈکر کو۔۔۔۔۔کا سامنا کرنا پڑا ؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے خالی جگہ کو بھریے۔

(a) مجبوریوں

(b) ذات پات کی تفریق

(c) رکاوٹوں

(d) خوداعتمادی کی کمی

یا

دوسرے دن سپاہی رگھوپت اور پہرہ دار کو میدان میں لائے کہ ان کو قتل کیا جائے۔ دونوں کے ہاتھ پیر بندھے ہوئے تھے۔ مغل افسر نے جلّاد سے کہا کہ دونوں کی گردنیں اُڑادو۔ جلّاد نے تلوار اٹھائی ہی تھی کہ گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز

آئی۔لوگوں نے دیکھا تو اکبر بادشاہ اپنے افسروں کے ساتھ چلا آرہا ہے۔سب نے جھک کر سلام کیا۔اکبر گھوڑے پر سے اتر پڑا اور کہنے لگا ''رگھوپت کی گرفتاری کا پورا حال مجھ کو معلوم ہو چکا ہے۔'' پھر پہرہ دار سے کہا ''ہر بھلے آدمی کا دل دوسروں کا دکھ دیکھ کر پگھل جاتا ہے۔مجھے معلوم ہے کہ اس راجپوت کی تکلیف دیکھ کر تمہارا دل بھر آیا تھا۔اس لیے تم نے اس کو چھوڑ دیا تھا۔اس میں تمہارا کوئی قصور نہیں ہے۔اگر کچھ ہے بھی تو میں نے معاف کیا۔مجھے ایسے ہی سپاہی چاہیے۔جو اپنے بادشاہ سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہے۔'' یہ سنتے ہیں پہرہ دار خوشی سے پھولا نہ سمایا۔

(i) درج بالا عبارت کے مصنف کا نام کیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) مغل افسر نے کس کی گردنیں اڑا دینے کا حکم دیا؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) اکبر بادشاہ کو کیسا سپاہی چاہیے تھا؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) کس کے گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز سنائی دی ؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) رگھوپت اور پہرہ دار کے

(b) راجپوت سپاہیوں کے

(c) اکبر بادشاہ اور اس کے افسروں کے

(d) اوپر کا کوئی صحیح نہیں ہے

(v) اکبر بادشاہ نے کس کو معاف کیا؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) رانا پرتاپ سنگھ کو

(b) پہرہ دار کو

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

**4.** درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ زندگی میتّوں پہ روتی ہے

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی بھوک اور احتیاج کل دے گی

اس لیے اے شریف انسانو! جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے
آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) ٹینک کے آگے بڑھنے یا پیچھے ہٹنے کا نتیجہ کیا ہوتا ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) درج بالا اشعار میں شاعر نے کیا کہا ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) 'احتیاج' کے کیا معنی ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) ضرورت

(b) جیت

(c) چہل پہل

(d) زندگی

(v) شاعر نے جنگ کو ایک مسئلہ کیوں کہا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) جنگ بے شمار مسائل لے کر آتی ہے

(b) جنگ امن کا پیغام لے کر آتی ہے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

یا

جو پار اتارے اوروں کو اس کی بھی ناؤ اترتی ہے
جو غرق کرے پھر اس کو بھی یاں ڈبکوں ڈبکوں کرتی ہے
شمشیر ، تیر ، بندوق ، سنا اور نشتر، تیر، نہرنی ہے
یاں جیسی جیسی کرنی ہے پھر ویسی ویسی بھرنی ہے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

جو اور کا اونچا بول کرے تو اس کا بول بھی بالا ہے
اور دے پٹکے تو اس کو بھی پھر کوئی پٹکنے والا ہے
بے ظلم و خطا جس ظالم نے مظلوم ذبح کر ڈالا ہے
اس ظالم کے بھی لوہو کا پھر بہتا ندی نالا ہے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) کس کی ناؤ پار اترتی ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) ظالم کو ظلم کا کیا بدلا ملتا ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) درج بالا شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) اے شریف انسانوں

(b) پہاڑ اور گلہری

(c) قدم بڑھاؤ دوستو

(d) نیکی اور بدی

(v) 'دست بدستی' کے کیا معنی ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) ہاتھوں ہاتھ

(b) ایک ہاتھ سے لینا دوسرے ہاتھ سے دینا

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

## (حصّہ۔ب)

**5۔** درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو (250) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *10*

(a) میرا دلچسپ سفر

(b) یومِ جمہوریہ

(c) پیڑ پودوں کی اہمیت

(d) کرکٹ میچ

**6۔** اپنے دوست کا گیارھویں جماعت کے امتحان میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔ *5*

**یا**

اپنے اسکول کی لائبریری میں نصاب کی کتابیں منگوانے کے لیے لائبریرین کے نام ایک درخواست لکھیے۔

7 ۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(i) خدا کے نام خط

(ii) اونتی

8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) میر تقی میرؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) نظیرؔ اکبر آبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

## (حصّہ۔ج)

9۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 2

کنجوس ۔ غلط ۔ خرید ۔ نیک

10۔ درج ذیل الفاظ کے مذکر اور مؤنث الگ الگ کر کے لکھیے 2

چشمہ ۔ گھاس ۔ ہوا ۔ پیڑ

11۔ درج ذیل کے مترادف لکھیے۔ 2

نظم ۔ شور ۔ مکر ۔ جاہ

12۔ سابقہ ''ہم'' لگا کر لاحقہ ''دار'' لگا کر ایک ایک لفظ لکھیے۔ 2

**13۔** درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 2

کہانی ۔ دستاویز ۔ روایات ۔ تجّار

**14۔** حیرت، استعجاب، خوشی یا غم کے لہجے کو جس نشان کے ذریعے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسے کیا کہتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھائیے۔ 2

**15۔** (i) درج ذیل جملے فعل کی کس قسم کو ظاہر کرتے ہیں؟ 1

کھانا پک گیا ۔ کتابیں آ گئیں

(ii) درج ذیل جملوں میں زمانے کے لحاظ سے فعل کی کون سی قسم ہے؟ 1

(a) وہ خوشی خوشی بھوکوں کو کھانا کھلاتا تھا

(b) کل ندیم ہمارے گھر آئے گا

**16۔** درج ذیل جملوں میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ چھانٹ کر لکھیے؟ 2

(i) دہلی شہر جمنا ندی کے کنارے آباد ہے

(ii) حلوائی کی دکان سے جلیبیاں لے آؤ

**17۔** درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

(i) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا

(ii) زاروقطار رونا

(iii) ڈھارس بندھنا

(iv) اِس کان سے سننا اُس کان سے اڑانا

## (حصّہ ۔ د)

**18۔** درج ذیل میں سی کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 3 = 6$

(i) راجپوتوں کے اس سردار کا نام کیا تھا وہ جنگل میں کیوں چھپ گیا تھا؟

(ii) شہروں کی گندگی کس طرح دریاؤں میں شامل ہوجاتی ہے؟

(iii) زمین پر مختلف جانداروں کی نشوونما کیسے ہوئی ؟

(iv) ترک امیروں نے رضیہ کے خلاف بغاوت کیوں کی؟

(v) آسمان میں کتنے تارے ہیں؟ اونتی نے اس سوال کا کیا جواب دیا؟

(vi) نابینا لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟

**19۔** درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $1 \times 2 = 2$

(i) سعادت علی کیسا آدمی تھا؟

(ii) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟

(iii) التمش کی وصیت کیا تھی؟

(iv) لین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی ؟

**20۔** درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 2 = 4$

(i) پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا؟

(ii) ے میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز

اسی خانہ خراب کی ہے

درج بالا شعر کی روشنی میں لکھیے کہ شاعر نے 'خانہ خراب' کس کو کہا ہے؟

(iii) ع یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

اس مصرعے میں شاعر کی کارخانہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) ؎ جو آکے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا
جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

درج بالا شعر میں بڑھاپے اور جوانی کا شاعر نے کیا فرق بتایا ہے؟

**21۔** درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ *1x3=3*

(i) شعر مکمل کیجیے:

؎ ---------------

اب حالت اضطراب کی سی ہے

(ii) دل میں فروتنی کو جگہ کون دیتا ہے؟

(iii) درج ذیل شعر کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

؎ بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(iv) اپنے نصاب میں شامل غالبؔ کی غزل کا ایک شعر لکھیے۔

(v) درج ذیل شعر کس نظم کا ہے؟

؎ چلو کہ ہم کو منزلیں بلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے دھلے ہوئے ہیں نور سے

--------------